وزیر اعظم کی جمہوریہ فرانس کے صدر سے ملاقات

14جولائی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 14 جولائی 2023 کو پیرس کے ایلیسی پیلس میں جمہوریہ فرانس کے صدر جناب ایمانوئل میکرون کے ساتھ نجی ملاقات نیز وفود کی سطح پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے دفاع اور سلامتی، سول نیوکلیئر، سائنس اور ٹیکنالوجی، توانائی، تجارت اور سرمایہ کاری، خلائی، موسمیاتی کارروائی اور عوام سے عوام کے تعلقات سمیت دوطرفہ تعاون کے وسیع شعبوں پر تفصیلی بات چیت کی۔

بات چیت میں ہندوستان کی G20 صدارت، ہند-بحرالکاہل، اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل کا بھی احاطہ کیا گیا۔

نتیجہ خیز دستاویزات، بشمول "افق 2047: ہندوستان-فرانس اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے مستقبل کا خاکہ" (Horizon 2047: Charting the future of India-France Strategic Partnership) کو اپنایا گیا۔

وزیر اعظم نے بتایا کہ وہ ستمبر 2023 میں G20 لیڈروں کی سربراہی کانفرنس کے لیے نئی دہلی میں صدر میکرون کا خیرمقدم کرنے کے منتظر ہیں۔

پیرس
14 2023 جولائی